17-1525-LNHS_PIL_Late preterm infant 8 4 15.Urdu

NHS Lothian

والدین کیلئے معلوماتی پرچہ

آپ کے قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے کی دیکھ بھال

آپ کے بچے کی پیدائش پر ہم آپ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ آپ کے بچے کی پیدائش ذرا جلدی زمانہ حمل کے 35 تا36 ہفتوں کے بعد ہوئی تھی۔ ہم اِسے "لیٹ پری ٹرم" کہتے ہیں۔ اِس معلوماتی پرچے میں اُن چند مسائل کے بارے میں بتایا جائے گا جو "لیٹ پری ٹرم" بچوں کو پیش آسکتے ہیں اور آپ اپنے بچے کی زندگی کا اچھا آغاز کرنے میں کیسے مدد کر سکتے ہیں۔

ہسپتال میں قیام

35 تا36 ہفتوں کے حمل کے بعد پیدا ہونے والے بہت سے بچوں کی دیکھ بھال پوسٹ نیٹل (زچگی کے بعد) وارڈ میں کی جاسکتی ہے، مگر "لیٹ پری ٹرم" بچوں کی تقریباً آدھی تعداد کو مدد کیلئے نیو نیٹل (نومولود بچوں کیلئے یونٹ) یونٹ میں رکھا جاتا ہے تاکہ اُن کے خون میں شوگر کی سطح اور درجہ حرارت کو ٹھیک کیا جائے اور دودھ پلانے میں مدد کی جائے۔ کچھ "لیٹ پری ٹرم" بچوں کو سانس لینے میں دُشواری ہوتی ہے جو کہ پیدائش کے بعد چند دنوں تک رہتی ہے۔ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کو عموماً اِن تمام مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

آپ کو اپنے بچے کے ساتھ ہسپتال میں کم از کم 72 گھنٹے قیام کرنے کی توقع رکھنی چاہئے لیکن یہ قیام دس دن کا یا زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

ٹمپریچر (درجہ حرارت)

آپ کا بچہ حمل کا پورا عرصہ گزرنے کے بعد پیدا ہونے والے بچے کی نسبت بہت چھوٹا ہوتا ہے اور اُس کے جسم پر چربی کم ہوتی ہے۔ اِس کا مطلب ہے کہ آپ کے بچے کے جسم کا درجہ حرارت زیادہ آسانی سے کم ہو جائے گا۔ اگر آپ کے بچے کا جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے تو اِس سے اُس کے خون میں موجود شوگر کی سطح اور سانس کی رفتار پر اثر پڑ سکتا ہے۔

پیدائش کے بعد آپ کے بچے کے جسم کے درجہ حرارت کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے گا۔

جب آپ اپنے بچے کو گود میں اُٹھا کر اپنے قریب رکھتے ہیں تو یاد رکھیں کہ اُسے اُونی ٹوپی پہنا کر رکھیں، اُس کو کمبل میں لپیٹ کر رکھیں اور سرد ہوا سے بچائیں۔ جب بچہ آپ کی گود میں نہیں ہوتا، تو اُسے بنیان، بے بی گرو، سویٹر، ٹوپی، جرابیں اور دستانے پہنا کر رکھیں۔ اگر آپ کا بچہ کاٹ میں لیٹا ہوا ہو تو اُس کے اُوپر کمبل ڈال کر رکھیں۔ آپ کی مڈوائف آپ کو بتائے گی کہ آپ نے اپنے بچے کا ٹمپریچر کیسے دیکھنا ہے اور آپ کو مشورہ دے گی کہ آپ کو اپنا گھر کتنا گرم رکھنا ہے۔

بچے کو دودھ پلانا اور بچے کے وزن میں کمی ہونا

یہ ضروری ہے کہ آپ کا بچہ پیدائش کے فوراً بعد دودھ پینا شروع کر دے اور اِس کے بعد باقاعدگی سے ہر دو یا تین گھنٹوں کے بعد دودھ پیئے۔ ایسا اِس بات کا یقین کرنے کیلئے ضروری ہے کہ بچے کے خون میں شوگر کی سطح ٹھیک رہے۔ اِسلئے بچے کی زندگی کے پہلے دن اُس کی ایڑی میں سے خون کا چھوٹا سا نمونہ لے کر شوگر کی سطح کا معائنہ کیا جائے گا۔ اگر آپ بچے کو چھاتی کا دودھ پلانا چاہتے ہیں تو وارڈ میں موجود مڈوائفز، نرسری نرسز اور میٹرنٹی کیئر اسسٹنٹس (زچہ کی دیکھ بھال کرنے والے مددگار) آپ کی مدد کریں گی۔ بچے کی پیدائش قبل از وقت ہونے کے باعث ہو سکتا ہے کہ آپ کا دودھ آنے میں تاخیر ہو۔ اگر آپ کا بچہ پیدائش کے بعد آپ کی چھاتی کو نہیں

چوستاتو ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کس طرح اپنا دودھ نکال سکتے ہیں تا کہ آپ کے دودھ کی مقدار بڑھتی رہے۔

تمام نو مولود بچے جب 72 گھنٹوں کے ہو جاتے ہیں تو اُن کا وزن چیک کیا جانا چاہئے اور ہسپتال سے فارغ ہونے والے دن دوبارہ وزن چیک کیا جانا چاہئے۔

یہ ایک عام بات ہے کہ پہلے ہفتے میں بچے کا وزن کم ہو جاتا ہے لیکن اگر بہت زیادہ وزن کم ہو جائے تو میڈیکل اور نرسنگ ٹیم بچے کی صحت اور دودھ پلانے کے طریقے کا دوبارہ معائنہ کریں گے۔ بیشتر بچے دودھ کی اچھی مقدار پینا شروع کر دیتے ہیں لیکن کچھ بچوں کو نیو نیٹل یونٹ میں رکھنے کی ضرورت پڑتی ہے اور اُنہیں ٹیوب کے ذریعے دودھ پلایا جاتا ہے جب تک کہ وہ خود دودھ پینے کے قابل نہیں ہوتے۔

جونڈس (یرقان کا مرض)

جونڈس ہونے کی صورت میں جلد کا رنگ پیلا ہو جاتا ہے اور ایسا خون میں ایک گندے مادے کے بڑھ جانے کی وجہ سے ہوتا ہے جسے بِلروبن کہا جاتا ہے۔ نو مولود بچوں کو اکثر ایسا ہو جاتا ہے، خاص طور پر 'لیٹ پری ٹرم' بچوں کو جن کا جگر بِلروبن کے ساتھ آسانی سے نہیں نمٹ سکتا۔

بِلروبن کی سطح بڑھ جانے سے پیچیدگیاں بہت کم ہوتی ہیں لیکن اِس سے نقصان ہو سکتا ہے، اسلئے جونڈس کے بارے میں ہم بچے پر گہری نظر رکھیں گے۔ اگر ایسا لگے کہ آپ کے بچے کو جونڈس ہے تو بِلروبن کی سطح کی پیمائش کی جائے گی، اِس کیلئے ایک سادہ مشین یعنی بِلروبنو میٹر کا استعمال کیا یا جائے گا یا بچے کی ایڑی سے خون کا نمونہ لیا جائے گا۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کو چند دنوں کیلئے فوٹو تھیراپی (نیلی روشنی) کے علاج کی ضرورت ہو تا کہ بِلروبن کو ختم کرنے کیلئے آپ کے بچے کی مدد کی جائے۔

اگر آپ کے بچے کو علاج کی ضرورت ہوئی یا ہسپتال سے فارغ ہونے سے قبل آپ کو جونڈس کے متعلق ایک معلوماتی پرچہ دیا جائے گا۔

ہسپتال سے فارغ ہونا

آپ کے بچے کو ہسپتال سے فارغ کر دیا جائے گا جب وہ ٹھیک سے دودھ پینا شروع کر دے، اُس کے خون میں شوگر کی سطح اور درجہ حرارت ٹھیک ہو جائے اور وزن کا معائنہ بھی اطمینان بخش ہو۔ آپ کے بچے کی میڈیکل اور نرسنگ ٹیم آپ کے ساتھ مل کر یہ فیصلہ کریں گے۔

ہسپتال سے گھر آنے کے بعد چوبیس گھنٹوں کے اندر کمیونٹی مڈوائف آپ اور آپ کے بچے سے ملنے کیلئے آئے گی۔ اگر آپ کو بچے کو دودھ پلانے یا جونڈس کے متعلق کوئی تشویشات ہوں تو آپ کو مشورے کیلئے اپنی کمیونٹی مڈوائف یا جی پی سے رابطہ کرنا چاہئے۔